ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ مرکزی آفس میں علاقائی معززین کے وفد سے تبادلہ خیال کر رہے ہیں

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے

اسکو ہمیشہ سربلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 21/11/2023

حوالہ نمبر TMC/G/INF/0017/23

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے کہا کہ گڈاپ ٹاؤن کی عوام کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے بھرپور انداز میں کوشش کرتا رہونگا جس نظریئے کے تحت ہم کام کررہے ہیں اس میں انسانی خدمت ہمارا اولین فرض ہے اس میں کسی قسم کی کمی برداشت نہیں کی جائے گی گڈاپ ٹاؤن کی جانب سے عوام کو سہولیات سو فیصد فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہوں گڈاپ ٹاؤن کی تعمیر وترقی ہماری پارٹی منشور کے مطابق کی جائے گی محدود وسائل ہونے کے باوجود اراکین کونسل اور علاقائی معززین کی مشاورت سے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کررہے ہیں بنیادی سہولیات صفائی ستھرائی اور پانی کے فراہمی کا مسئلہ حل کررہے ہیں تمام یونینز کے منتخب نمائندے اپنی یوسی کے مسائل سے آگاہ کررہے ہیں اور ان مسائل کو حل کرنے کیلئے لائحہ عمل تیار کرکے جلد از جلد عوام کو سہولیات فراہم کی جائیں گی، اس سارے عمل میں گڈاپ ٹاؤن کے افسران دن اور رات عوام کی خدمت کرنے کیلئے میرے شانہ بشانہ کھڑے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گڈاپ ٹاؤن کے مرکزی آفس میں کیا۔اس موقع پر میونسپل کمشنر احمد یار، افسر مالیات افتخار احمد داؤد، ڈائریکٹر HRM حاجی شریف شیخ، ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ کلچر نبیل بلوچ، ڈائریکٹر ٹیکسیشن زوہیب بلوچ، ڈائریکٹر ایڈورٹائزمنٹ ہدایت اللہ شیخ، ڈائریکٹر سینیٹیشن اشرف بلوچ موجود تھے۔

جاری کردہ

رضوان صابر

ڈائریکٹر انفارمیشن

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ